روزنامہ صدائے اولس (3) 17 جنوری 2024ء

# وفاقی محتسب کے نوٹس پر ریٹائرڈ FC ملازم کی پینشن HBL لاہور منتقل کروا دی گئی

## 2 ریٹائرڈ FC صوبیدار حق نواز کی پینشن وفاقی محتسب کے حکم پر HBL لاہور ٹرانسفر کروا دی گئی

کوئٹہ (اے این این) وفاقی محتسب ریجنل افس کوئٹہ میں کوئٹہ کے رہائشی درخواست گزار حق نواز نے درخواست دائر کی تھی کے وہ ریٹائرڈ FC ملازم ہے انہوں نے HBL لیاء سے HBL لاہور اپنی پینشن ٹرانسفر کرنے کے لئے درخواست دی پر پچھلے 2 مہینے سے ان کی پینشن ان کو نہیں مل رہی تھی اور ٹرانسفر بھی نہیں ہو رہی تھی۔ درخواست گزار کا مزید کہنا تھا کہ انہوں نے اس سلسلے میں (باقی صفحہ 2 نمبر 28)

(28) باقی

کئی بار متعلقہ دفتر سے رابطہ کیا اور دفتر کے چکر لگائے مگر انکی کوئی شنوائی نہیں وئی۔ بالاخر مجبور ہو کر انہوں نے انصاف کے حصول کی خاطر وفاقی محتسب کے ادارے میں درخواست دائر کی۔ درخواست موصول ہوتے ہی ریجنل افس کوئٹہ کے عملے نے انکوائری کا آغاز کیا۔ اور متعلقہ محکمے کے عملے کو طلب کر کے جواب مانگا۔ متعلقہ محکمہ جواز پیش کرنے میں ناکام رہا۔ چنانچہ وفاقی محتسب نے احکامات جاری کیے کہ فوری طور پر درخواست گزار کی پینشن کی رقم کے جو بقایاجات ہیں انہیں ادا کیے جائیں اور ماہانہ پنشن بھی شروع کی جائے۔ وفاقی محتسب کے احکامات موصول ہوتے ہی متعلقہ محکمے کے درخواست گزار کی رقم ان کو ادا کر دی اور ماہانہ پینشن شروع کروا دی گئی۔ درخواست گزار نے وفاقی محتسب کے اس احسن اقدام پہ شکریہ ادا کیا۔

CS CamScanner